© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

ادارہ

★ حضرت اقدس مولانا شاہ عبدالقادر رائے پوری قدس سرہٗ کے اجلّ خلیفۂ مُجاز حضرت مولانا محمد عبداللہ دھرم کوٹی رحمہ اللہ کے سب سے بڑے صاحبزادے حضرت مولانا عبدالرحیم دھرم کوٹی نوّر اللہ مرقدہٗ ۴ر جمادی الاولی ۱۴۳۹ھ مطابق ۲۲ر جنوری ۲۰۱۸ء بروز پیر اس جہانِ فانی سے کوچ کر گئے۔ آپ کی عمر تقریباً ۹۵ برس تھی۔ نماز جنازہ ۲۳ر جنوری کو آپ کے آبائی گاؤں چک نمبر ۱۲۶ ایم بی ضلع خوشاب میں آپ کے برادرِ اصغر حضرت مولانا فضل الرحمٰن دھرم کوٹی نے پڑھائی اور اپنے والدِ بزرگوار کے پہلو میں تدفین ہوئی۔ دور دراز سے آئے ہوئے مشائخ، حفاظ اور علماء کرام نے شرکت فرمائی۔

حضرت مولانا عبدالرحیم دھرم کوٹی رحمہ اللہ نے مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور میں حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی قدس سرّہٗ کی خدمت میں دورہ حدیث مکمل فرمایا۔ آپ نے حضرت اقدس رائے پوری رحمہ اللہ کے دستِ حق پر بیعت فرمائی۔ آپ کی طبیعت، گفتار اور لباس میں نہایت سادگی تھی۔ برس ہا برس بذاتِ خود مسجد کے مؤذن ہونے کی سعادت حاصل رہی۔ اپنے زیادہ اوقات مسجد رحیمی (چک نمبر ۲۶) سے ملحقہ حجرہ میں یادِ الٰہی میں گزارتے تھے۔ ۲۷ر دسمبر ۲۰۰۷ء کو احقر نے پہلی زیارت و ملاقات اسی حجرہ میں کی تھی۔ پھر گاہے گاہے حاضری ہوتی رہی، جب بھی حضرت فیصل آباد تشریف لائے تو احقر کو فون کر کے بلا لیتے۔ بہت ہی محبت بھری، سعادت بھری یادیں حضرت سے وابستہ ہیں۔

دین کے ساتھ ساتھ اللہ پاک نے انھیں دنیاوی عزت و وقار بھی عنایت فرمایا تھا۔ آپ نے نمبرداری کی ذمہ داری بھی بخوبی سرانجام دی۔ اولاد و احفاد کو دینی مزاج و علوم سے بہرہ ور فرمایا۔ حضرت مولانا عبدالغنی انجینئر رحمہ اللہ نے آپ کو اجازت و خلافت سے سرفراز فرمایا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ حضرت کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔

(راقم: ابوحذیفہ عمران فاروق فیصل آباد)

★ ڈاکٹر علی عباس (لاہور) کی پھوپھی مرحومہ، انتقال: ۸ر جنوری ۲۰۱۸ء ★ ملک محمد حنیف صاحب (لاہور) انتقال: ۱۴ر جنوری ۲۰۱۸ء ★ قاری عبدالعزیز صاحب (جامعہ فتحیہ لاہور) کے ماموں زاد بشیر احمد مرحوم، انتقال: ۱۴ر جنوری ۲۰۱۸ء ★ ملک تاج دین صاحب (لاہور) کی اہلیہ، ملک غلام مصطفیٰ صاحب کی والدہ مرحومہ، انتقال: ۲۱ر جنوری ۲۰۱۸ء ★ مہر سعید انصاری (ملتان) کی بیٹی مرحومہ، انتقال: ۲۳ر دسمبر ۲۰۱۷ء ★ مدرسہ معمورہ ملتان کے طالب علم عبدالخالق خان کی خالہ مرحومہ ★ مدرسہ معمورہ ملتان کے طالب علم محمد عدنان کی نانی مرحومہ ★ مجلس احرار اسلام شہباز پور رحیم یار خان کے کارکن حافظ محمد ندیم کی والدہ مرحومہ، انتقال: ۲۰ر جنوری ۲۰۱۸ء ★ نقیب ختم نبوت کے قاری، نور خان (لیہ) انتقال: ۱۰ر دسمبر ۲۰۱۷ء ★ نقیب ختم نبوت کے قاری، امیر محمد (لیہ) انتقال: ۲۰ر دسمبر ۲۰۱۷ء ★ ہمارے کرم فرما ملک لیاقت ڈانگرا کی اہلیہ مرحومہ انتقال: ۹ر جنوری ۲۰۱۸ء مطابق ۲۱ر ربیع الثانی ۱۴۳۹ھ ★ قاری ظہور رحیم عثمانی کی سالی اور مدرسہ معمورہ ملتان کے طالب علم محمد معاویہ کی والدہ مرحومہ، انتقال: ۸ر جنوری ۲۰۱۸ء ★ مجلس احرار اسلام ملتان کے سرپرست صوفی نذیر احمد صاحب کے داماد محمد طسین، انتقال: ۷ر جنوری ۲۰۱۸ء ★ مجلس احرار اسلام ٹب چوہان رحیم یار



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خان کے مخلص کارکن محمد یعقوب چوہان کے چچا جام سلیمان مرحوم، انتقال: ۸/دسمبر ۲۰۱۷ء ★ جامع مسجد عیدگاہ صادق آباد کے مہتمم مولانا محمد طلحہ اور محترم طٰہٰ کی والدہ ماجدہ ★ حضرت مولانا عبدالاحد رحمہ اللہ (المعروف امام صاحب) سابق امام جامع مسجد بلاک نمبر ۱۲/ چیچہ وطنی کی اہلیہ، ۲۲/جنوری ۲۰۱۸ء کو اسلام آباد میں انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ ۲۳/ جنوری کو لاہور میں ہوئی اور الفا سوسائٹی کینال ویو کے قبرستان میں تدفین کی گئی۔ مرحومہ قاری ظہور رحیم عثمانی (لیاقت پور) کی چچی صاحبہ اور محمد عابد (قطر) محمد طاہر اور محمد راشد کی والدہ ماجدہ تھیں جناب عبداللطیف خالد چیمہ نے مرحومہ کے فرزندان سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ★ چیچہ وطنی جماعت کے قدیم کارکن جناب محمد یونس چک نمبر 7/112 آر کے جواں سال فرزند محمد سعید ۲۷/دسمبر کو انتقال کر گئے۔ ★ چیچہ وطنی کی بزرگ شخصیت، دارالعلوم ختم نبوت اور جامع مسجد کے معاون خصوصی حاجی ثناء اللہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ ★ حاجی حکیم غلام حسین مرحوم کے فرزند اور حافظ محمد اشرف مدنی، چیچہ وطنی والوں کے بھتیجے حکیم عابد حسین گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ ★ انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ ساہیوال ڈویژن اور جمعیت اہلسنت والجماعت (حنفی) کے امیر قاری منظور احمد طاہر ساہیوال کی والدہ ماجدہ ۲۰/جنوری ہفتہ کو انتقال کر گئیں، نمازِ جنازہ سے قبل مجلس احرار اسلام کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے تعزیتی گفتگو کی، نمازِ جنازہ مرحومہ کے بھائی مولانا عبدالرحمٰن ظفر نے پڑھائی۔ ★ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت چیچہ وطنی کے امیر اور جامع مسجد کے خطیب شیخ الحدیث مولانا محمد ارشاد ۲۰/جنوری بروز ہفتہ انتقال کر گئے، پہلی نمازِ جنازہ پیر طریقت حضرت مولانا سید جاوید حسین شاہ مدظلہ العالیٰ نے چیچہ وطنی کے رائے علی نواز اسٹیڈیم میں پڑھائی، جس میں علماء کرام، دینی رہنماؤں، اساتذہ کرام طلباء عزیز، شہریوں اور دور دراز سے حضرت مرحوم کے معتقدین نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی، دوسری نمازِ جنازہ ۲۱/جنوری اتوار کو صبح سوا نو بجے مرحوم کے آبائی گاؤں 81_5 ایل ساہیوال میں ادا کی گئی اور آبائی گاؤں کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیے گئے۔ ★ محترم پروفیسر جاوید (چک EB/261 بورے والا) کے والد محمد حنیف مرحوم گزشتہ ماہ انتقال کر گئے

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطاء فرمائے۔

## دعاءِ صحت

★ ابن امیر شریعت مولانا سید عطاء المومن بخاری مدظلہٗ طویل عرصہ سے علیل ہیں

★ قائد احرار، ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ علیل ہیں

★ حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند گرامی جناب خواجہ رشید احمد صاحب گزشتہ دو سال سے شدید علیل ہیں

★ ڈاکٹر محمد الیاس (لاہور) کے بھائی علی شیر ساجد کا بائی پاس ہوا ہے ★ محمد شعیب (لاہور) علیل ہیں

★ مجاہد ختم نبوت محمد سعید طور اتلہ گنگ شدید علیل ہیں ★ مجلس احرار اسلام کے قدیم کارکن حافظ گوہر علی شدید علیل ہیں

★ مدرسہ معمورہ ملتان کا سابق طالب علم حافظ محمد اویس سنجرانی گزشتہ ایک سال سے شدید علیل ہے

★ لاہور کے بزرگ احرار کارکن چودھری محمد اکرام صاحب طویل عرصے سے علیل ہیں

★ مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن طیب علی تگہ کے والد عظمت علی تگہ شدید علیل ہیں

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مریضوں کی صحت یابی کے لیے دعاء فرمائیں، اللہ تعالیٰ انہیں شفا کاملہ عطا فرمائے۔



© rasailojaraid.com